© rasailojaraid.com



تفسیر و توضیح کی وحدت اور اس مقصد کے لیے مختلف مقامات پر اجتماعات کے انعقاد پر زور دیا گیا۔

اس سیمنار میں قرآن کریم کی توضیح و تفسیر پر کی جانے والی انفرادی و اجتماعی کوششوں کا ذکر کیا گیا اور ان کوششوں کے اسالیب و مناہج پر بحث کی گئی نیز مختلف موضوعات پر تحقیقی مقالات پیش کیے گئے۔ (اخبار الفکر الاسلامی، امریکہ، اگست ۱۹۸۹ء)

## مطالعۂ قرآن کمیٹی اقوامِ متحدہ کے دفتر میں

ویانا میں اقوام متحدہ کے دفاتر میں پہلی بار "مطالعۂ قرآن کمیٹی" کے نام سے ایک جمعیت کا قیام عمل میں آیا ہے۔ جو ماہ فروری سے اپنی سرگرمیاں شروع کر چکی ہے۔

یہ جمعیت تفسیر قرآن، مطالعۂ قرآن، وعظ و ارشاد اور ہر جمعرات کو دینی اجتماعات اور اسلامی لکچروں کا اہتمام کرتی ہے۔ یہ لکچر عربی اور انگریزی زبانوں میں دیئے جاتے ہیں تاکہ حاضرین مکمل طور پر استفادہ کر سکیں۔

اس کے علاوہ مذکورہ زبانوں میں وعظ و تقریر اور پُر مغز خطبوں کا باقاعدگی سے اہتمام کیا جاتا ہے جن میں سامعین کو دین کے اصول اور اس کی منشا کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔ کمیٹی اب تک معجزات قرآن اور معراج کے موضوعات پر متعدد لکچروں کا اہتمام کر چکی ہے۔

(سہ روزہ دعوت دہلی، ۱۰ ستمبر ۸۹ء)

## یونانی زبان میں قرآن کریم کا ترجمہ

ایتھنس۔ عرب یونان ثقافت کے فروغ کے لیے قائم کی گئی ایتھنس کی ایک تنظیم (الرابطۃ الیونانیۃ العربیۃ) کے ثقافتی مشیر ڈاکٹر علی نور نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ان کی تنظیم۔ قرآن کریم کا یونانی زبان میں ترجمہ شائع کر رہی ہے اور اس ترجمہ کا مقصد یونانیوں میں قرآنی تعلیمات کا فروغ اور بعض ان ترجموں کو الگ تھلگ کر دینا ہے جو قرآنی مفاہیم کو مسخ کر کے پیش کرتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ یہ ترجمہ دس سال کی مدت میں مکمل ہوا ہے اور اس کو ازہر شریف (مصر) اور یونان کے معتبر علماء کی مراجعت کے بعد شائع کیا جا رہا ہے۔ یہ ترجمہ یونانی عوام کے درمیان بلامعاوضہ تقسیم کیا جائے گا۔ (قومی آواز، نئی دہلی، ۴ نومبر ۱۹۸۹ء)

© rasailojaraid.com